وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور مؤثر آواز
www.dailywatanvoice.com
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
ایڈیٹر: ارسلان معروف
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
جلد نمبر:2 | منگل 20 اکتوبر 2026ء 8 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر:2

پنجاب حکومت ہر ڈسٹرکٹ ہسپتال میں کینسر کی تشخیص اور علاج کیلئے پرعزم ہے، نواز مریم

آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کیلئے نہایت ضروری ہیں، نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کے علاج کو یقینی بنایا جائے گا

کینسر کے مریضوں کو علاج کے دوران نفسیاتی اور جذباتی معاونت فراہم کرنے کیلئے سایکاٹری ڈیپارٹمنٹ بھی قائم کیا جائے گا،، لاہور میں دنیا کا بڑا نواز شریف کینسر اسپتال تعمیر کیا جارہا ہے،

خواتین جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں اور بروقت طبی معائنہ کروائیں، حکومت پنجاب کینسر کے مریضوں کو 10 لاکھ تک مفت علاج کی سہولت فراہم کررہی ہے، وزیراعلیٰ

لاہور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ کینسر کے خلاف آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کے لیے نہایت ضروری ہیں، برٹیک کینسر قابل علاج مرض ہے اور بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ مریم نواز نے برٹیک کینسر سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بیماری سے متعلق شعور اجاگر کرنے اور بروقت تشخیص کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ ان کی ہدایت پر برٹیک کینسر سے آگاہی کے لیے صوبے کے ہر اسپتال میں خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں، لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر اسپتال تعمیر کیا جا رہا ہے، جہاں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کے علاج کو یقینی بنایا جائے گا، اسپتال میں برٹیک کینسر کے ہر مرحلے سمیت مختلف اقسام کے کینسر کے علاج کے لیے جدید مشینری اور ادویات فراہم کی جائیں گی جبکہ تحقیق کے لیے جدید لیبارٹری بھی قائم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کینسر کے مریضوں کو علاج کے دوران نفسیاتی اور جذباتی معاونت فراہم کرنے کے لیے سایکاٹری ڈیپارٹمنٹ بھی قائم کیا جائے گا۔ بروقت تشخیص کے لیے ڈیٹا جمع کروا رہی ہیں، انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کو نظر انداز نہ کریں اور بروقت طبی معائنہ کروائیں، ان کا کہنا تھا کہ برٹیک کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور بروقت تشخیص کی ترغیب دینا مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے، حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

جارحیت مکہ الاائنس دفاعی ڈیٹرنس فعال ہو گا

ترجمان پاک فوج

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، مشرق وسطیٰ کے تنازع کو مزید پھیلانا اور کشیدگی میں اضافہ کرنا کسی بھی ملک کے مفاد میں نہیں، حرمین شریفین کے تحفظ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے

مکہ دفاعی اتحاد کا مقصد کسی تنازع کو ہوا دینا نہیں بلکہ مشترکہ سلامتی کو مضبوط بنانا ہے، خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن کے قیام کیلئے مذاکرات کو ترجیح دینا ضروری ہے، پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ تعاون ایک طویل عرصے پر محیط ہے

مشرق وسطیٰ کے تنازع کو مزید پھیلانا اور کشیدگی میں اضافہ کرنا کسی بھی ملک کے مفاد میں نہیں۔ تنازعات کو بڑھانے سے کسی کو فائدہ نہیں پہنچے گا، مشترکہ دفاع اور خطے میں امن و استحکام پر یقین رکھتے ہیں، یفیٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (صباح نیوز) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح ہے اور سعودی عرب کی خودمختاری و علاقائی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حوالے سے مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا تاگزیر ہے، تاہم مذاکراتی عمل میں ناکامی اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ الائنس کا مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم اتحاد کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا۔ مقدس مقامات پر حملوں پر پاکستانی عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ عرب میڈیا ادارے انڈیپنڈنٹ عربیہ کو انٹرویو دیتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح اور دوٹوک ہے۔ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اور اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ اس مقصد کے لیے جس تعاون کی ضرورت ہے، وہ فراہم کیا جارہا ہے اور سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، اور اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ اس مقصد کے لیے جس تعاون کی ضرورت ہے، وہ فراہم کیا جارہا ہے اور آسندہ بھی کیا جاتا رہے گا۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کو مزید پھیلانا اور کشیدگی میں اضافہ کرنا کسی بھی ملک کے مفاد میں نہیں۔ تنازعات کو بڑھانے سے کسی ملک کو فائدہ نہیں پہنچے گا، اس لیے مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے۔ تاہم مذاکراتی کوششیں ناکام ہونے اور فوجی تصادم کی صورت میں مکہ دفاعی اتحاد کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاع سمیت مختلف شعبوں میں تعاون اور ایٹمیلے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے قیام سے پہلے بھی جاری تھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)


ڈاکٹر نجیب خان سے کیمبرج یونیورسٹی پریس اینڈ اسسمنٹ کی کنسلٹنسی ڈائریکٹر عظمیٰ یوسف ملاقات کررہی ہیں




معیاری تعلیم ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، صدر نجیب نقی

صدر ڈاکٹر نجیب نقی کیساتھ کنسٹری ڈائریکٹر کیمبرج یونیورسٹی عظمیٰ یوسف کی ملاقات

عظمیٰ یوسف کا جدید تعلیمی رجحانات اور طلبہ کے بین الاقوامی معیار مور پر تبادلہ خیال

پریذیڈنٹ انفنٹا برٹ آئی ہسپتال میجر جنرل (ر) رحمت علی کی مبارکباد دی، گلدستہ پیش

ڈائریکٹر برائے پاکستان محترمہ عظمیٰ یوسف نے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے صدر ریاست کو منصب صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: فیلڈ مارشل عاصم منیر سے سعودی سفیر کی ملاقات دوسری جانب ڈی جی آئی ایس پی آر کاکول کالج برائے کیڈٹ کی شہادت پر مشتمل یادگاری سوینئر پیش کیا جارہا ہے

جسٹس حسن اظہر نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اٹھالیا

جسٹس عامر فاروق نے حلف لیا، تقریب میں ججز، عدالتی افسران وسٹاف اور اٰلہ افسران کی شرکت

اسلام آباد (صباح نیوز) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف اٹھالیا۔ جسٹس عامر فاروق نے قائم مقام چیف جسٹس سے حلف لیا، تقریب حلف برداری وفاقی آئینی عدالت میں ہوئی، تقریب میں ججز، عدالتی افسران وسٹاف اور اٰلہ افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی، امریکا کے شہریوں کیلئے سیکورٹی الرٹ جاری

سیکورٹی الرٹ میں اردن، عراق، ایران، یمن، لبنان اور شام سمیت 12 ممالک شامل

واشنگٹن (صباح نیوز) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باعث امریکا نے اپنے شہریوں کے لیے سیکیورٹی الرٹ جاری کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن شروع

تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا، ڈپٹی کمشنر پشاور

پشاور (اے ایف پی) پشاور رنگ روڈ پر تجاوزات کے خلاف بڑے آپریشن کا آغاز ہوگیا، گرجمی قریرین میں درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی میں غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ، 11 ملزمان گرفتار

غیر ملکی شہریوں کو منظم انداز میں نشانہ بنانے والے سائبر فراڈ نیٹ ورک کو پکڑا گیا

اسلام آباد (اے ایف پی) انٹیلی سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف سی سی آئی اے) کراچی میں غیر قانونی کال سینٹر کا نیٹ ورک بے نقاب کر کے 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان ایف سی سی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14) ہونے غیر ملکی شہریوں سے سائبر فراڈ میں ملوث غیر قانونی کال سینٹر کا نیٹ ورک توڑ دیا گیا۔ مالک سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔

ایل او سی کے عوام کیلئے 80 ارب کا ترقیاتی پلان، وزیراعظم اعلان کریں گے، سپیکر اسمبلی طارق فاروق

وزیراعظم پاکستان جلد آزاد کشمیر کا دورہ اور ترقیاتی پروگرام کا باضابطہ اعلان کریں گے، کنٹرول لائن پر آباد لوگوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

جامع منصوبہ بندی مکمل کرلی گئی، 80 ارب کے ترقیاتی پروگرام کی تیاری مکمل، آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا

آزاد کشمیر کے عوام نظریاتی، فکری اور عملی طور پر پاکستان کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں، آج افواج پاکستان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ایل او سی کے عوام نے وطن کے دفاع کے لیے بے مثال قربانیاں دیں، حکومت آزاد کشمیر عوامی خدمت، تعمیر و ترقی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے لیے جامع پلان پر عملدرآمد کررہی ہے۔ لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے زیرو پوائنٹ کے قریب کشمیر قیراد و گنڈیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ساتھی (ثنا نیر خصوصی) کیپٹر آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی چوہدری طارق فاروق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام نظریاتی بنیادوں اور گہری طور پر پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند

ہلال احمر کی ٹاؤن کمیٹی کیپٹل میں ایمرجنسی تربیتی ورکشاپ کا اختتام

مڈل سکول کیپل میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ میں 20 مرد وخواتین کی شرکت، سیکرٹری ہلال احمر محترمہ مگفرارفاطمہ بلوچ مہمان خصوصی شریک

حالیہ سیلاب کے دوران ہلال احمر کے موبائل ہیلتھ یونٹ نے نیلم میں 12 ہزار افراد کو طبی سہولیات اور ادویات فراہم کیں

ہنگامی حالات میں طبی امداد کی فراہمی، زخمیوں اور مریضوں کی منتقلی، تلاش و بچاؤ، محفوظ انخلاء کے حوالہ سے تربیت اور عملی مہارتوں کا مظاہرہ

نیلم (ثنا نیر خصوصی) ہلال احمر آزاد کشمیر اسٹیٹ برانچ اور برٹش ریڈ کراس (BRC) کے اشتراک سے ٹاؤن کمیٹی کیپل میں منعقدہ چار روزہ ایمرجنسی ریسپانس ٹیم ورکشاپ اختتام پذیر ہوگئی۔ گورنمنٹ مڈل سکول کیپل میں منعقدہ تربیتی ورکشاپ میں 20 مرد وخواتین نے شرکت کی۔ ورکشاپ کا مقصد ضلع نیلم، بالخصوص کیپل اور ملحقہ علاقوں میں کسی بھی سانحہ، قدرتی آفت یا ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے، بروقت امدادی کارروائیوں کو یقینی بنانے اور فیصلہ کن انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے متای سطح پر تربیت یافتہ ٹیمیں تیار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

DHQ ہسپتال ہٹیاں بالا میں ماہر ڈاکٹرز کی طبی خدمات کا باقاعدہ آغاز

پروفیسر ڈاکٹر عدنان معراج کی قیادت میں ڈاکٹر زیاد افضل کیانی، ڈاکٹر منظور علی خان اور دیگر ماہر ڈاکٹرز شامل تھے

ضلعی ہسپتال میں طبی خدمات کی فراہمی عوام کو ویلیز پر معیاری علاج معالجہ کی سہولیات مہیا کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت

100 روزہ پلان اور ورزیر صحت عامر ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر عباسی کی ہدایات کی روشنی میں او پی ڈی میں تقریباً 50 بچوں کا طبی معائنہ کیا گیا

ہٹیاں بالا (خبر نگار) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے ابتدائی 100 روزہ پلان اور وزیر صحت عامہ ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر عباسی کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال ہٹیاں بالا میں ماہر ڈاکٹرز کی رمضین کے تحت طبی خدمات کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں معروف سرجن اور پرنسپل آزاد جموں وکشمیر میڈیکل کالج مظفر آباد پروفیسر ڈاکٹر عدنان معراج کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

یوسی چھپنار نجل میں صحافی مرحوم ڈاکٹر محمود کاظمی کی یاد میں شجرکاری مہم، خاکسار لاکھوں سوسائٹی کا قیام عمل میں لایا گیا

حویلی کہوٹہ گاؤں قائم آباد میں فرانسفارمر پر آسمانی بجلی گری جس کے باعث راجہ محمود اکٹھر، مسعود اکٹھر کے مکان میں آگ بھڑک اٹھی

مکان میں خواتین تھی دھواں زیادہ ہونے سے قریبی محلے کے لوگ موقع پر پہنچ گئے، امدادی کارروائی کے دوران مکان کی چھت گر گئی

ایس کام سروس اور انٹرنیٹ بندہونیکی وجہ سے ریسکیو کو فوری اطلاع نہ ہوسکی، وزیراعظم نوٹس لیں، متاثرہ افراد کی مالی امداد کا مطالبہ

حویلی کہوٹہ (بیورو رپورٹ) حویلی کہوٹہ میں گزشتہ رات آسمانی بجلی سے ڈسٹرکٹ حویلی سنیئر صحافی راجہ محمود ایوب اکٹھر، مسعود ایوب اکٹھر کا گھر جل کر خاکستر ہوگیا۔ حویلی کہوٹہ گاؤں قائم آباد (یوسی چھانجل) کے رہائشی صحافی راجہ محمود ایوب اکٹھر، مسعود ایوب اکٹھر کا گھر جل کر خاکستر ہوگیا۔ سارا سامان تباہ ہو گیا۔ حویلی کہوٹہ گاؤں قائم آباد (یوسی چھانجل) میں گزشتہ رات آسمانی بجلی سے ڈسٹرکٹ حویلی سنیئر صحافی راجہ محمود ایوب اکٹھر، مسعود ایوب اکٹھر کا گھر جل کر خاکستر ہوگیا۔ سارا سامان تباہ ہو گیا۔ حویلی کہوٹہ گاؤں قائم آباد (یوسی چھانجل) میں گزشتہ رات آسمانی بجلی گرنے سے گھر کو خاکستر ہوگیا رات 1 بجے کے قریب آسمانی بجلی قریب بجلی کے ٹرانسفارمر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

یوم تاسیس یوم سیاہ اور یوم شہدائے جموں پر یوتی جذبے سے منانے کا فیصلہ

وزیر یوتانائی و آبی وسائل اور چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی شاقب مجید راجہ کی زیر قیادت قومی تقریبات کمیٹی کا اہم اجلاس

عوام کی تقریبات میں بھرپور شرکت یقینی بنانے اور نئی نسل کو تحریک آزادی کشمیر سے جوڑنے کیلئے نظریاتی بنیادوں پر اقدامات کی ہدایت

قومی ایام ہماری تاریخ، قربانیوں اور جدوجہد آزادی کی یاد دلاتے ہیں، بھرپور طریقے سے منائیں جائیں، شاقب مجید راجہ

مظفر آباد (خبر نگار) وزیر یوتانائی و آبی وسائل اور چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی شاقب مجید راجہ کی زیر قیادت قومی تقریبات کمیٹی کا اہم اجلاس محکمہ سرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر انٹیمغرمی اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن عمیر نعیم، سیکرٹری سرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن چوہدری امتیاز، سیکرٹری لوکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

یوم تاسیس، یوم سیاہ اور یوم شہدائے جموں پر یوتی جذبے سے منانے کا فیصلہ

وزیر یوتانائی و آبی وسائل اور چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی شاقب مجید راجہ کی زیر قیادت قومی تقریبات کمیٹی کا اہم اجلاس

عوام کی تقریبات میں بھرپور شرکت یقینی بنانے اور نئی نسل کو تحریک آزادی کشمیر سے جوڑنے کیلئے نظریاتی بنیادوں پر اقدامات کی ہدایت

قومی ایام ہماری تاریخ، قربانیوں اور جدوجہد آزادی کی یاد دلاتے ہیں، بھرپور طریقے سے منائیں جائیں، شاقب مجید راجہ

مظفر آباد (خبر نگار) وزیر یوتانائی و آبی وسائل اور چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی شاقب مجید راجہ کی زیر قیادت قومی تقریبات کمیٹی کا اہم اجلاس محکمہ سرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر انٹیمغرمی اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن عمیر نعیم، سیکرٹری سرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن چوہدری امتیاز، سیکرٹری لوکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

24 اکتوبر کو یوم تاسیس، 27 اکتوبر کو بھارت کے خلاف یوم سیاہ منایا جائے گا

قومی تقریبات کو منظم اور یادگار بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی، شاقب مجید راجہ

مظفر آباد (خبر نگار) وزیر یوتانائی و آبی وسائل اور چیئرمین قومی تقریبات کمیٹی شاقب مجید راجہ کی زیر قیادت قومی تقریبات کمیٹی کا اہم اجلاس محکمہ سرمز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے کمیٹی

ملکی سلامتی کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا، پیر سید علی گیلانی

دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کیلئے باہمی اتحاد ناگزیر ہے، انجم عقیل خان

بہترین کارکردگی پر مسعود احمد پرسنل سیکرٹری پیر ہاؤس بری امام سرکار و دیگر میں ایوارڈ تقسیم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی حقوق پاکستان کا سالانہ اجلاس اسلام آباد میں زیر صدارت صدر قومی امن کمیٹی سجادہ نشین بری امام سرکار پیر سید علی شاہ گیلانی و مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی انجم عقیل خان ایم پی اے ملک افتخار احمد کھٹے و دیگر مہمان گرامی میں پیر سید اویس نقوی مشتاق اعوان سینیٹر نائب صدر قومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

متاثرہ طالبہ کو انصاف فراہمی کیلئے قدم قدم ساتھ نہیں چھوڑوں گی، زبیدہ خورشید

آٹھویں کی طالبہ کیساتھ مبینہ زیادتی کے افسوسناک واقعے کے حوالہ ڈی ایس پی اور ایس ایچ او سابلیاں سے ملاقات

متاثرہ بچی کی عزت نفس اور رازداری کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے، معاملے کی مکمل غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں

واقعات میں قانون کی بالادستی، شفاف تحقیقات اور زمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ناگزیر ہے، ممبر اسمبلی

دیر کوٹ (ثنا نیر خصوصی): سابلیاں دیر کوٹ میں آٹھویں جماعت کی طالبہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کے افسوس ناک واقعے کے حوالے سے ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر زبیدہ خورشید راجہ نے ڈی ایس پی دیر کوٹ راجہ انصر ایوب اور ایس ایچ او تھانہ پولیس سابلیاں سردار رفاقت عباسی سے ملاقات کی اور کیس کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر زبیدہ خورشید راجہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور موثر آواز
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
منگل 20 اکتوبر 2026

"گلوبل ساؤتھ" کی سیکورٹی

سعودی عرب کے پاکستان میں تعینات نئے سفیر ڈاکٹر راج کامی آنتھی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔ اُنہوں نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سرٹیفکیٹ باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مکرمہ کو دفاعی اتحاد نہ صرف برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ یہ علاقائی امن اور سلامتی کیلئے اُن کے مشترکہ عزم کے عکاس بھی ہیں۔ شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاکستان اُس کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ اُنہوں نے پاکستان کو فراہم کی جانے والی طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بھی ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور اِس مشکل وقت میں سعودی عرب کے حق دفاع کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ حوثیوں کے حملے پورے خطے کے اَمن اور استحکام کے لئے ایک بڑا خطرہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سکیورٹی کے تحفظ کیلئے اس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔

دنیا بھر کے بیشتر ممالک نے ریاض ایئرپورٹ سمیت سعودی عرب کے دیگر مختلف مقامات پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی جبکہ پاکستان ترکیہ اور مصر نے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کا عہد کیا تھا کہ سعودی سرزمین اور شہریوں کے دفاع کے لئے اُس کے ساتھ جڑی رکھیں گے۔ اُنہوں نے سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کو فوری اور غیر مشروط طور پر بند کرنے کا مطالبہ بھی کیا تھا۔ سعودی عرب اور حوثی باغیوں کے درمیان حالیہ دنوں میں بڑھتی ہوئی کشمکش نے "گلوبل ساؤتھ" بالخصوص سعودی عرب کی سلامتی کو خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور ہوائی اڈوں کے علاوہ بعض مقدس مقامات پر حملوں کی کوشش سے خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ حوثی باغی نہ صرف باب المندب پر کنٹرول بلکہ سعودی عرب کے تیل کے ترسیلی نظام کو برباد کرنے کے درپے ہیں، ظہران میں آرامکو کے ہیڈکوارٹر پر حملہ، مقدس شہر مدینہ پر کروز میزائل کا داغا جانا اور 11 اکتوبر کو ریاض کے سنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والا ہلاکت خیز حملہ اس کا واضح ثبوت ہیں۔ اِس حملے میں درجن سے زائد افراد کی ہلاکت اور سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات آئی تھیں۔ سعودی عرب کو جنگ میں دھکیلنے کی ممکن کوشش کی جارہی ہے جس سے خطے کے عوام میں شدید اضطراب پایا جاتا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ اِس وقت سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور برادر اسلامی ملک کو ہر طرح کی مطلوبہ معاونت فراہم کر رہے ہیں، پاکستان نے وہاں ایک عرصے سے فوجی دستے تعینات کر رکھے ہیں جبکہ ترکیہ بھی پارلیمان کی منظوری کے بعد جلد فوجی دستے سعودی عرب بھیج دے گا۔ یاد رہے کہ رواں سال اگست میں عمل مکہ مشترکہ اتحاد کی بنیاد رکھی گئی تھی، اِس کے ادارہ جاتی عمل کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اتحاد کے پہلے میکرٹری جنرل کا عہدہ پاکستان کے پاس ہے اور اِس نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو تعینات بھی کر دیا ہے۔ سعودی عرب نے پاکستان اور ترکی کے ساتھ مل کر موجودہ حالات سے نبرد آزما ہونے اور آئندہ پیش آنے والے واقعات کی پیش بندی کرتے ہوئے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی داغ بیل ڈالی۔ بہت سے دیگر ممالک بھی اِس اتحاد کا حصہ بننے کی خواہش کا اظہار کر چکے ہیں۔

موجودہ حالات میں یہ بات بھی کھل کر سامنے آگئی ہے کہ عرب ممالک کو اپنی اور علاقائی سکیورٹی پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے، وہ صرف امریکہ پر انحصار نہیں کر سکتے۔ پاکستان اور ترکیہ علاقائی ذمہ داری کے تحت اَمن اور استحکام کے خواہاں ہیں اور یہی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بنیادی مقصد ہے اور اِسی کے طفیل زیادہ تر مسلم ممالک ایک ہی صف میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اسرائیل توسیع پسندانہ عزائم رکھتا ہے اور اس کے لئے وہ کسی بھی حد تک جانے کو ہر وقت تیار ہے، امریکہ اُس کی پشت پناہی سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ اِن حالات میں مشرقِ وسطیٰ کے تمام برادر اسلامی ممالک بالخصوص عرب ریاستوں اور ایران کو باہمی بے اعتمادی پر قابو پا کر "اجتماعی سکیورٹی فریم ورک" قائم کرنا ہوگا ورنہ معاملات ان کے ہاتھوں سے نکلتے چلے جائیں گے۔ اِنہیں اپنے تنازعات اور باہمی چپقلشیں جلد از جلد سِل کے آگے بڑھنا ہوگا کیونکہ اِن کا فائدہ کسی تیسرے کو نہیں بلکہ اسلامی ممالک کی تقسیم سے فائدہ اٹھانے والے اِس صورتحال سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔



کالم نگار
محمد طارق خان

گلوبل ساؤتھ کی سیکورٹی

سعودی عرب کا پاکستان میں تعینات نئے سفیر ڈاکٹر راج کامی آنتھی نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔ اُنہوں نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سرٹیفکیٹ باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مکرمہ کو دفاعی اتحاد نہ صرف برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ یہ علاقائی اَمن اور سلامتی کیلئے اُن کے مشترکہ عزم کے عکاس بھی ہیں۔ شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاکستان اُس کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ اُنہوں نے پاکستان کو فراہم کی جانے والی طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بھی ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور اِس مشکل وقت میں سعودی عرب کے حق دفاع کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ حوثیوں کے حملے پورے خطے کے اَمن اور استحکام کے لئے ایک بڑا خطرہ ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سکیورٹی کے تحفظ کیلئے اس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں ہے۔

دنیا بھر کے بیشتر ممالک نے ریاض ایئرپورٹ سمیت سعودی عرب کے دیگر مختلف مقامات پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی جبکہ پاکستان ترکیہ اور مصر نے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کا عہد کیا تھا کہ سعودی سرزمین اور شہریوں کے دفاع کے لئے اُس کے ساتھ جڑی رکھیں گے۔ اُنہوں نے سعودی عرب پر کیے جانے والے حملوں کو فوری اور غیر مشروط طور پر بند کرنے کا مطالبہ بھی کیا تھا۔ سعودی عرب اور حوثی باغیوں کے درمیان حالیہ دنوں میں بڑھتی ہوئی کشمکش نے "گلوبل ساؤتھ" بالخصوص سعودی عرب کی سلامتی کو خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور ہوائی اڈوں کے علاوہ بعض مقدس مقامات پر حملوں کی کوشش سے خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ حوثی باغی نہ صرف باب المندب پر کنٹرول بلکہ سعودی عرب کے تیل کے ترسیلی نظام کو برباد کرنے کے درپے ہیں، ظہران میں آرامکو کے ہیڈکوارٹر پر حملہ، مقدس شہر مدینہ پر کروز میزائل کا داغا جانا اور 11 اکتوبر کو ریاض کے سنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والا ہلاکت خیز حملہ اس کا واضح ثبوت ہیں۔ اِس حملے میں درجن سے زائد افراد کی ہلاکت اور سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات آئی تھیں۔ سعودی عرب کو جنگ میں دھکیلنے کی ممکن کوشش کی جارہی ہے جس سے خطے کے عوام میں شدید اضطراب پایا جاتا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ اِس وقت سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور برادر اسلامی ملک کو ہر طرح کی مطلوبہ معاونت فراہم کر رہے ہیں، پاکستان نے وہاں ایک عرصے سے فوجی دستے تعینات کر رکھے ہیں جبکہ ترکیہ بھی پارلیمان کی منظوری کے بعد جلد فوجی دستے سعودی عرب بھیج دے گا۔ یاد رہے کہ رواں سال اگست میں عمل مکہ مشترکہ اتحاد کی بنیاد رکھی گئی تھی، اِس کے ادارہ جاتی عمل کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اتحاد کے پہلے میکرٹری جنرل کا عہدہ پاکستان کے پاس ہے اور اِس نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو تعینات بھی کر دیا ہے۔ سعودی عرب نے پاکستان اور ترکی کے ساتھ مل کر موجودہ حالات سے نبرد آزما ہونے اور آئندہ پیش آنے والے واقعات کی پیش بندی کرتے ہوئے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کی داغ بیل ڈالی۔ بہت سے دیگر ممالک بھی اِس اتحاد کا حصہ بننے کی خواہش کا اظہار کر چکے ہیں۔

موجودہ حالات میں یہ بات بھی کھل کر سامنے آگئی ہے کہ عرب ممالک کو اپنی اور علاقائی سکیورٹی پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے، وہ صرف امریکہ پر انحصار نہیں کر سکتے۔ پاکستان اور ترکیہ علاقائی ذمہ داری کے تحت اَمن اور استحکام کے خواہاں ہیں اور یہی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا بنیادی مقصد ہے اور اِسی کے طفیل زیادہ تر مسلم ممالک ایک ہی صف میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ اسرائیل توسیع پسندانہ عزائم رکھتا ہے اور اس کے لئے وہ کسی بھی حد تک جانے کو ہر وقت تیار ہے، امریکہ اُس کی پشت پناہی سے پیچھے نہیں ہٹ سکتا۔ اِن حالات میں مشرقِ وسطیٰ کے تمام برادر اسلامی ممالک بالخصوص عرب ریاستوں اور ایران کو باہمی بے اعتمادی پر قابو پا کر "اجتماعی سکیورٹی فریم ورک" قائم کرنا ہوگا ورنہ معاملات ان کے ہاتھوں سے نکلتے چلے جائیں گے۔ اِنہیں اپنے تنازعات اور باہمی چپقلشیں جلد از جلد سِل کے آگے بڑھنا ہوگا کیونکہ اِن کا فائدہ کسی تیسرے کو نہیں بلکہ اسلامی ممالک کی تقسیم سے فائدہ اٹھانے والے اِس صورتحال سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

کالم نگار
محمد طارق خان

سلسلہ قرآن کا فرمان سورۃ الاحزاب، آیات 9 تا 20 (حصہ اوّل: آیات 9 تا 14)



تحریر
ظہیر الدین

غزوۂ احزاب: جب مدینہ محاصرے میں تھا اور ایمان آزمائش میں

سورۃ الاحزاب کے ابتدائی رکوع میں اللہ تعالیٰ نے وحی کی پیروی، تقویٰ، توکل اور عہد کی پاسداری کا حکم دیا تھا۔ اب انہی اصولوں کا تاریخ کے ایک نہایت سخت امتحان کے ذریعے واضح چہرہ کیا جا رہا ہے۔ یہ غزوۂ احزاب ہے، غزوۂ خندق بھی کہا جاتا ہے، کا واقعہ ہے۔ شوال 5 ہجری میں قریش، غطفان اور ان کے اتحادی قبائل نے مدینہ کے خلاف ایک بڑا لشکر جمع کیا۔ اس اتحاد کی تشکیل میں بنو نضیر کے بعض جلاوطن سرداروں کا بھی نمایاں کردار تھا۔ مقصد محض ایک جنگ جیتنا نہیں، مدینہ میں قائم نو مولود وحی اسلامی جماعت کی قوت کو فیصلہ کن طور پر ختم کرنا تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشورہ فرمایا۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی تجویز پر مدینہ کے اس کھلے حصے میں خندق کھودی گئی جہاں سے پورے دن کے داخل ہونے کا خطرہ تھا۔ عربوں کے روایتی جنگی طریقوں میں یہ تدبیر غیر معمولی تھی۔ رسول اللہ ﷺ خود محاجہ کے ساتھ خندق کی کھدائی میں شریک رہے۔ اس سے سیرت کا ایک بنیادی اصول سامنے آتا ہے کہ قائد کا مطلب خطرے کو نظرانداز کرنا نہیں، بلکہ اللہ پر اعتماد رکھتے ہوئے بہترین ممکنہ تدبیر اختیار کرنا ہے۔

قرآن اس واقعے کا آغاز مسلمانوں کو اللہ کی نعمت یاد دلا کر کرتا ہے۔ یہ لشکر چڑھ آئے، مگر اللہ نے ان کے مقابل ایسی آندھی اور ایسے لشکر بھیجے جو مسلمانوں کو دکھائی نہیں دیتے تھے۔ ان غیبی لشکروں کی تفصیلات قرآن نے بیان نہیں فرمائیں، اس لیے ان کے بارے میں غیر ثابت تصورات قائم کرنے کے بجائے اصل حقیقت پر توجہ دینی چاہیے: ظاہری اسباب اختیار کرنے کے باوجود آخری فیصلہ اللہ کے اختیار میں تھا۔ شدید آندھی، سردی اور اندھیرا کفار کے خیموں کے ساتھ ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ (آیت 9)

یہاں قرآن ایک نہایت خوب صورت توازن قائم کرتا ہے۔ مسلمانوں نے خندق کھودی، پہرہ دیا، دفاعی انتظامات کیے اور خطرات کا مقابلہ کیا، پھر اللہ نے ایسے اسباب سے مدد فرمائی جو ان کے اختیار میں نہ تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کی مدد انسانی کوشش کی نفی نہیں کرتی، بلکہ اس کی تکمیل اور کامیابی کا حقیقی سرچشمہ ہے۔ اس لیے مومن نہ اسباب سے بے نیاز ہوتا ہے، نہ اسباب ہی کو سب کچھ سمجھ لیتا ہے۔

پھر قرآن محاصرے کی کیفیت کو چند الفاظ میں اس طرح بیان کرتا ہے کہ پورا منظر نگاہوں کے سامنے آجاتا ہے۔ لشکر کے پورے پیچھے کی سمتوں سے دباؤ ڈال رہے تھے، نگاہیں خوف سے پتھرا رہی تھیں اور دل حلق تک پہنچنے کی کیفیت میں تھے۔ یہ محض ذہنی مبالغہ نہیں، بلکہ شدید خوف اور غیر معمولی کشیدگی کی نہایت بلیغ تصویر ہے۔ مدینہ کے دفاع کے ساتھ عورتوں، بچوں اور گھروں کی حفاظت کا مسئلہ بھی درپیش تھا۔ بنو قریظہ کی طرف سے عہد شکنی کے خطرے نے اس اضطراب میں مزید اضافہ کیا۔ (آیت 10)

اسی آیت میں فرمایا گیا کہ تم اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے تھے۔ اس سے تمام اہل ایمان کے بارے میں یہ بڑمائی مراد نہیں۔ اس سخت موقع پر لوگوں کے باطنی حالات مختلف تھے، بعض اہل ایمان اللہ کی مدد کے امیدوار تھے، جبکہ کمزور دل اور منافقانہ رویہ رکھنے والے لوگ پریشانی اور مایوسی میں مبتلا ہو رہے تھے۔ قرآن اس فرق کو آگے مزید واضح کرتا ہے۔ (آیت 10)

یہاں انسانی نفسیات کا ایک اہم پہلو سامنے آتا ہے۔ خوف محسوس کرنا فطرت کا حصہ ہے، مگر مومن کا ردِعمل اس سے مختلف ہوتا ہے۔ اس کا خوف اسے اللہ سے دور نہیں کرتا، بلکہ اس کی طرف لے جاتا ہے۔ وہ خوف کے باوجود اپنے اصولوں پر قائم رہتا ہے۔ جب حالات توقع کے خلاف ہو جائیں تو وہ اپنی کمزوری کا جائزہ لینے کے بجائے اللہ کے وعدے پر اعتماد کرنے لگتا ہے۔ (آیت 12)

یہی اس حصے کا مرکزی سبق ہے: مشکل وقت انسان کے اندر موجود حقیقت کو نمایاں کر دیتا ہے۔ جو ایمان صرف آسان حالات، اجتماعی حوصلہ افزائی اور مقررہ اسباب کے تحت ہے، وہ شدید آزمائش میں کمزور پڑ سکتا ہے؛ لیکن جو ایمان علم، یقین اور اخلاص پر قائم ہو وہ خوف کے باوجود انسان کو ذمہ داری نبھانے کی قوت دیتا ہے۔

غزوۂ خندق ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ اجتماعی بحران میں افواہیں، بدگمانیاں اور ذمہ دے کر رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی، جبکہ مشاورت، فکر، قربانی اور باہمی اعتماد معاشرے کو مضبوط کرتے ہیں۔

ایمان کی اصل قوت یہ نہیں کہ انسان کو کبھی خوف محسوس نہ ہو، بلکہ یہ ہے کہ خوف کے باوجود وہ حق، دیانت اور ذمہ داری کو ادا کرنے پر ثابت قدم رہے۔ آخر ان احساس کی مدد سے انسان کو پرکھا جاتا ہے۔ یہ جملہ داخل اس ذہنیت کی ترجمانی کرتا ہے جو حق کی صداقت کو صرف فوری اور آسان کامیابی سے ناپتی ہے۔ جب حالات توقع کے خلاف ہو جائیں تو وہ اپنی کمزوری کا جائزہ لینے کے بجائے اللہ کے وعدے پر اعتراض شروع کر دیتی ہے۔ (آیت 14)

مالانکہ اللہ نے اہل ایمان سے یہ وعدہ نہیں کیا تھا کہ انہیں کبھی صدمہ، خوف، نقصان یا مخالفت کا سامنا نہیں ہوگا۔ اس کی مدد اور نصرت کا وعدہ اپنی حکمت اور مقررہ اسباب کے تحت ہے، مگر انسان کی خواہش کے مطابق ہر شکل کو فوراً ظاہر کر دینے کی ضمانت۔

پھر قرآن کے باوجود لوگوں سے مدینہ والوں سے کہا کہ اب یہاں ٹھہرنے کا کوئی فائدہ نہیں، واپس چلو۔ بعض نے اپنے گھروں کو غیر محفوظ قرار دے کر رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی، جبکہ مشاورت، فکر، قربانی اور باہمی اعتماد معاشرے کو مضبوط کرتے ہیں۔ (آیت 13)

یہاں ایک ضروری فرق سمجھنا چاہیے۔ اپنے اندیشوں کی حفاظت کی فکر کرنا فطری اور جائز ہے؛ لیکن اس احساس کی بنیاد پر کسی کو رسوا کرنا، مذمت اس رویے کی ہے جس میں آدمی جھوٹا عذر بنا کر اجتماعی ذمہ داری سے فرار اختیار کرے۔ یہی حقیقی مجبوری اور بہانے میں فرق نیت، حالات اور عمل سے ظاہر ہوتا ہے۔

آخر میں قرآن بتاتا ہے کہ اگر دشمن مدینہ میں داخل ہو کر ان لوگوں کو دین سے پھرنے اور فتنے میں پڑنے کی دعوت دیتا تو وہ بہت جلد اس مطالبے کے سامنے جھک جاتے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی اصل کمزوری محض جنگی خوف نہیں تھی، بلکہ اصولوں سے وفاداری کی کمی تھی۔ (آیت 14)

یہی اس حصے کا مرکزی سبق ہے: مشکل وقت انسان کے اندر موجود حقیقت کو نمایاں کر دیتا ہے۔ جو ایمان صرف آسان حالات، اجتماعی حوصلہ افزائی اور مقررہ اسباب کے تحت ہے، وہ شدید آزمائش میں کمزور پڑ سکتا ہے؛ لیکن جو ایمان علم، یقین اور اخلاص پر قائم ہو وہ خوف کے باوجود انسان کو ذمہ داری نبھانے کی قوت دیتا ہے۔

غزوۂ خندق ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ اجتماعی بحران میں افواہیں، بدگمانیاں اور ذمہ دے کر رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی، جبکہ مشاورت، فکر، قربانی اور باہمی اعتماد معاشرے کو مضبوط کرتے ہیں۔

ایمان کی اصل قوت یہ نہیں کہ انسان کو کبھی خوف محسوس نہ ہو، بلکہ یہ ہے کہ خوف کے باوجود وہ حق، دیانت اور ذمہ داری کو ادا کرنے پر ثابت قدم رہے۔ آخر ان احساس کی مدد سے انسان کو پرکھا جاتا ہے۔ یہ جملہ داخل اس ذہنیت کی ترجمانی کرتا ہے جو حق کی صداقت کو صرف فوری اور آسان کامیابی سے ناپتی ہے۔ جب حالات توقع کے خلاف ہو جائیں تو وہ اپنی کمزوری کا جائزہ لینے کے بجائے اللہ کے وعدے پر اعتراض شروع کر دیتی ہے

1

2

3

4

5

6

7

8

9

10

11

12

13

14

15

16

17

18

19

20

21

22

23

24

25

26

27

28

29

30

31

32

33

34

35

36

37

38

39

40

41

42

43

44

45

46

وطن وائس
WATAN VOICE Daily
روزنامہ وطن وائس اوورسیز ایڈیشن
Pakistan Journalists Forum-KSA
امیر محمد خان — ریذیڈنٹ ایڈیٹر، سعودی عرب
الیاس رحیم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر، متحدہ عرب امارات
ایم ایم عالم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر، برطانیہ
نواز مجید — ریذیڈنٹ ایڈیٹر، یورپ

بھاتی وزیر دفاع کا پاکستان مخالف قابل مذمت بیان، چوہدری نعیم اختر

پاکستان کی امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے، جنگی دھمکیاں جنوبی ایشیا کے امن و استحکام کے لیے خطرناک ہیں

عالمی برادری مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرانے میں کردار ادا کرے، صحافیوں سے گفتگو

پیرس (بیورو رپورٹ) پیرس میں جاوں دشمیر فورم فرانس چوہدری نعیم اختر نے بھارتی وزیر دفاع کے پاکستان کے خلاف جارحیت کی دھمکی آمیز بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اشتعال انگیز بیانات خطے کے امن و استحکام کے لیے خطرناک ہیں اور ان سے جنوبی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ چوہدری نعیم اختر نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جو خطے میں پائیدار امن باہمی احترام اور مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل پر یقین رکھتا ہے جبکہ پاکستان کی امن پسندی کو کمزوری سمجھا جانا کسی بھی قسم کی جارحیت یا دھمکیوں سے پاکستانی قوم کے عزم اور حوصلے کو کم نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی قیادت کو چاہیے کہ وہ غیر ذمہ دارانہ بیانات اور جنگی دھمکیوں کے بجائے سنجیدگی، تدبر اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرے۔ چوہدری نعیم اختر نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ جنوبی ایشیا میں امن و استحکام یقرار رکھنے کیلئے کی جانے اور بین الاقوامی قوانین و اقوام متحدہ کے چارٹر کی پاسداری تقینی بنانے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ متعینہ نمبوں کو گھیرا سنگ خطے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

رات کو نو ڈلز کھانے والے 5 افراد کی پراسرار موت

خاندان نے جمعہ کی رات نوڈلز کھائے تھے، جس کے بعد ان کی موت واقع ہوئی

اتر پردیش (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست اتر پردیش کے شہر گورکھپور نیڑا میں ایک خاندان کے پانچ افراد کی پراسرار موت نے تحقیق پیدا کردی ہے۔ مرنے والوں میں میاں بیوی اور ان کے تین بچے شامل ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق، خاندان نے جمعہ کی رات نوڈلز کھائے تھے، جس کے بعد ان کی موت ہوئی۔ تاہم، کھانے اور اموات کے درمیان تعلق کی حتمی تصدیق نہیں ہوئی۔ واقعے کی تحقیقات کرنے والے فوجداری حکام نے خاندان کے زیر استعمال کھانے پینے کی اشیا کے نمونے کا معائنہ کیلئے فرانزک انسپکٹر کی ٹیم کے حوالے کردیا ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات کے دوران کوئی بیکٹیریا یا کیمیائی تاریخ سے متعلق مسئلہ یا کوئی مشکوک چیز سامنے نہیں آئی۔ اہ پولیس نگھ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

ترکیہ میں قبل از وقت انتخابات، اردوان کا دوبارہ صدارتی انتخاب لڑنے کا امکان

پارلیمنٹ کے 360 ارکان نے نئے انتخابات کیلئے ووٹ دیا تو الیکشن 16 اپریل 2028 کو منعقد ہو سکتے ہیں

حکمراں جماعت اور اتحادی جماعت ایم ایچ پی کے پاس پارلیمنٹ میں مجموعی طور پر 326 نشستیں ہیں، عالمی میڈیا

انقرہ (آئی این پی) ترکیہ میں اگر بقل از وقت انتخابات کروائے گئے تو ترک سربراہ رجب طیب اردوان 2028 میں ہونے والے انتخابات میں صدارتی انتخاب لڑ سکتے ہیں۔ یہ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ترکیہ میں قبل از وقت انتخابات ممکنہ طور پر 16 اپریل 2028 کو کروائے جا سکتے ہیں۔ رپورٹ میں ترک صدر رجب طیب اردوان کے مستعفی ہونے کا بھی حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ اگر پارلیمنٹ کے 600 میں سے 360 ارکان نے انتخابات کے حق میں ووٹ دیتے ہیں تو انتخابات 16 اپریل 2028 کو منعقد ہو سکتے ہیں۔ ترکیہ کے موجودہ قانون کے تحت صدارتی انتخابات معمول کے مطابق مئی 2028 میں ہونے ہیں۔ تاہم آئین پارلیمنٹ کو قبل از وقت انتخابات کروانے کی اجازت دیتا ہے، بشرطیکہ اس اقدام کے لیے 360 ارکان کی حمایت حاصل ہو۔ رجب طیب اردوان کی حکمراں جماعت اے کے پی اور اس کی قوم پرست اتحادی جماعت ایم ایچ پی کے پاس پارلیمنٹ میں مجموعی طور پر 326 نشستیں ہیں، اس لیے قبل از وقت انتخابات کی منظوری کے لیے انہیں مزید 34 ارکان کی حمایت درکار ہوگی۔ قبل از وقت انتخابات سے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

یمن میں حوثیوں کا حکومتی فورسز کے تربیتی کیمپ پر میزائل حملہ، 50 سے زائد ہلاکتیں

حوثیوں نے مرکزی ٹریننگ سینٹر میں 3 بیلسٹک میزائل داغے تھے، ترجمان یمنی فوج ماجد النزیلی کی تصدیق



شہوا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے صوبے شہوا میں حوثی جنگجوؤں کے تین بیلسٹک میزائل حملوں میں 50 سے زائد افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہو گئے۔ حملے میں سرکاری فورسز کے تربیتی کیمپ کو نشانہ بنایا گیا۔ صدارتی نگہبران ادارے سے ایف پی نے کے مطابق حملے کا نشانہ بننے والے مرکز کے جائے وقوع کا دورہ کیا۔ یہ حملہ یمن میں جاری بین الاقوامی تنازعے کا ایک بڑا واقعہ ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق یہ تنازعہ دنیا کے بدترین انسانی بحرانوں میں سے ایک ہے۔ اس میں لاکھوں افراد ہلاک اور کروڑوں بے گھر ہو چکے ہیں۔ حوثی باغیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے فوجی تربیتی مرکز کو نشانہ بنایا۔ ان کے مطابق یہ مرکز سعودی عرب کی حمایت یافتہ افواج کے خلاف جارحیت کی تیاری کر رہا تھا۔ تاہم، ان دعوؤں کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہو سکی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

اسرائیلی ماہرین نے امریکا-ایران جنگ کے نئے آغاز سے خبردار کردیا

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی دفاعی ماہرین اور حکام نے خبردار کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ دوبارہ شروع اختیار کرسکتی ہے اور خطے کے تمام فوجی تصادم کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اسرائیلی فوج کے چیف آف اسٹاف ایال زامیر کے حوالے سے رپورٹ کیا گیا ہے کہ ایران کے ساتھ ایک اور جنگ کا قوی امکان موجود ہے۔ اسرائیلی دفاعی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

یہودیوں پر قاتلانہ حملے کی سازش؛ جرمنی نے ایرانی سفیر کو طلب کرلیا

جرمن عدالت نے دو افراد کو قید کی سزا سنائی ہے تحقیق ایرانی انٹیلی جنس اداروں سے یہودیوں پر حملے کی ہدایات مل تھیں



برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی نے اسرائیل کے حامی یہودی شخصیات کو قتل کرنے کی مبینہ سازش پر ایرانی سفیر کو طلب کرکے سخت احتجاج ریکارڈ کرایا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق جرمن وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری تعلقات میں یہ یہودیوں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ یہ منصوبہ بدھی عین وقت پر پکڑی گئی اور (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

فرانسیسی صدر خلیجی ممالک کے دورے پر متحدہ عرب امارات پہنچ گئے

آمد ہوئی ہے، یہ بات اتحاد ایوانوں کے ہم منصب محمد بن زاید النہیان نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر متحدہ عرب امارات اور فرانس کے قومی ترانے بجائے گئے جبکہ اعزازی دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ ایوانوں (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

دبئی (نمائندہ خصوصی) فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون سرکاری دورے پر متحدہ عرب امارات پہنچ گئے جہاں صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے ان کا استقبال کیا۔ عرب میڈیا کے مطابق ایمانوئل میکرون ابوظہبی

ایلون مسک کا ہر بچے کو اسپیس ایکس کے حصص دینے کا اعلان

نیو یارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایلون مسک نے کہا ہے کہ وہ اگلے سال امریکہ میں ہر بچے کو اسپیس ایکس فنڈ کا اسٹاک دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ مسک نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا، "اگلے سال، میں اپنے اسپیس ایکس کے حصص میں سے ایک امریکہ میں ہر بچے کو دوں گا۔ اسپیس ایکس، جس کی بنیاد مسک نے 2002 میں رکھی تھی، دنیا کی سب سے قیمتی نجی کمپنیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

افغانستان میں پنتیہ دشتگردی پر عالمی تشویش برقرار

عوامی زندگی میں خواتین کی شرکت پر منظم پابندیاں بنیادی حقوق کو متاثر کررہی ہیں، یواین سیکیورٹی کونسل دہشتگردی کے خطرات پر اظہارِ تشویش کیا ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اپنی حالیہ رپورٹ میں افغانستان کی بدترین عمومی صورتحال آشکار کردی۔ رپورٹ میں خواتین اور لڑکیوں پر عائد بڑھتی پابندیوں کو افغانستان (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بھارتی ریاست منی پور میں پھر فساد! چھوٹ پڑے کئی افراد لاپتہ

منی پور میں تازہ تشدد کے دوران 2 کوکی خواتین کے قتل، مسلح افراد نے 2 مکانات کو نذر آتش کردیا، شدید فائرنگ میتی اور کوکی برادریوں کے تنازع میں اب تک 306 افراد ہلاک، 49 لاپتہ اور ہزاروں بے گھر ہو چکے، بھارتی میڈیا

دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست منی پور میں فسادات ایک بار پھر چھوٹ پڑے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منی پور میں تازہ تشدد کے دوران دو کوکی خواتین کے قتل کے بعد مسلح افراد نے 2 مکانات کو نذر آتش کر دیا اور شدید فائرنگ کی۔ پولیس کے مطابق منی پور میں مسلح جھڑپ کے دوران تقریباً چھ گھنٹے (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

لوہر نیلم کو پیپلز پارٹی نے جان بوجھ کر پسماندگی کی طرف دھکیلا، راجہ بشیر

مسلم لیگ ن کو لوہر نیلم کے عوام نے اعتماد اور بھاری مینڈیٹ دیا، اعتماد کو عملی ترقیاتی اقدامات کے ذریعے مضبوط کیا جانا چاہیے



مظفر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما و سابق اسپیکر اسمبلی سابق وفاقی وزیر سردار یعقوب خان ناسر، سابق اسپیکر اسمبلی سابق وفاقی وزیر راجہ محمد فاروق حیدر خان، سابق وفاقی وزیر راجہ محمد یاسین، سابق وفاقی وزیر راجہ محمد بشیر خان نے کہا ہے کہ لوہر نیلم کے عوام طویل عرصے سے سیاسی انتظام اور حکومتی وسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ گزشتہ دس برس کے دوران جان بوجھ کر اس خطے کو پسماندگی کی طرف دھکیلا گیا، عوام بنیادی سہولیات تعمیر و ترقی اور روزگار کے مواقع سے محروم رہے۔ پیپلز پارٹی نے لوہر نیلم کے عوام کے حقوق کے تحفظ کے بجائے سیاسی مفادات کو ترجیح دی، عوام اب مخمل و ہوائے نہیں بلکہ عملی اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کامرس

اوگرا کی NOC شرط پر پٹرولیم ڈیلرز کے تحفظات، نظرثانی کا مطالبہ

ٹوئینٹیکشن سے ملک بھر کے 14 ہزار ڈیلرز متاثر ہونے کا خدشہ ہے

معاملے پر چیئرمین سینیٹ اور قائمہ کمیٹی کو خطوط ارسال، ملک خدا بخش

کراچی (پیتنیوز) پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے آئل مارکیٹنگ کمپنی جوبیلی میں ملاقات، ٹوئینٹیکشن پر نظرثانی اور تمام متعلقہ فریقین کا فوری اجلاس بلانے کی اپیل کی گئی ہے۔ چیئرمین پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن ملک مدد بخش نے خط میں کہا ہے کہ اوگرا کی جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

چیئرمین کے پی ٹی سے گدزئی ایئرپورٹ رہنماؤں کی ملاقات

ہفتہ وار تعطیلات میں بکنگ گدزئی ایئرپورٹ کے ذریعے معمول کے مطابق پرواز کرنے پر اتفاق

کراچی (پیتنیوز) آل پاکستان گدزئی ایئرپورٹ اتحاد کے صدر ملک شہزاد اعوان اور اتحاد کے رہنما ثاقب منیر نے گدزئی ایئرپورٹ کے وفد نے کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے چیئرمین ریئر ایڈمرل شاہد احمد سے ملاقات کی، جس میں بندرگاہ کی آپریشنز، بکنگ کی تفصیل اور (باقی صفحہ 4 نمبر 4)

ٹیکٹائل برآمدات میں پہلی سہ ماہی کے دوران 5 فیصد اضافہ

ستمبر 2026 میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 1.647 ارب ڈالر رہیں

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کی اسی مدت میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات کے دوران سالانہ بنیادوں پر 5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مالی سال 2026-27ء کی پہلی سہ ماہی جولائی سے ستمبر کے دوران ملک کی ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 1.647 ارب ڈالر رہیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 4.775 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2026 میں ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات 1.647 ارب (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

کراچی پورٹ پر چار جہازوں سے 1 لاکھ 8 ہزار ٹن سے زائد کھاد پہنچ گئی

3 جہازوں کے ذریعے 99 ہزار ٹن DAP کھاد درآمد، ربیع کی فصلوں کیلئے اہم پیش رفت

کراچی (پیتنیوز) کراچی گیٹ وے ٹرمینل ملٹی پرپز ٹرمینل پر لگاتار لے سے چار جہاز لنگر انداز ہوئے، جو مجموعی طور پر ایک لاکھ 8 ہزار 277 میٹرک ٹن کھاد لے کر پہنچے۔ کھاد کی بڑی کھیپ کی آمد (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

پاکستان کسان اتحاد کا آئندہ ہفتے سے احتجاجی تحریک شروع کرنے کا اعلان

شوگر ملوں پر حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں رہنے کی قیمت ابھی تک کسان کو نہیں ملی، ملکی تاریخ میں اتنا زیادہ گنا کبھی کاشت نہیں ہوا

کسان کو آئی ایم ایف کی شرط کا کہہ کر فصلوں کا اچھا ریٹ نہیں دیا جاتا، پاکستان کی زراعت زبوں حالی کا شکار ہے، پریس کانفرنس

ملتان (نیوز ایجنسی) پاکستان کسان اتحاد خالد محمود کھوکھر کے کسان کیمپ ملتان سے پرآشوب حالات سے متاثرین سے احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کردیا

ضرورت نمائندگان

روزنامہ "وطن وائس" کی صحافتی ٹیم کو مزید مضبوط اور موثر بنانے کے لیے برطانیہ، یورپ، مڈل ایسٹ، پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کے تمام بڑے اور چھوٹے شہروں سے متحرک اور باصلاحیت نوجوان صحافی نمائندگان درکار ہیں۔

اگر آپ صحافت سے دلچسپی رکھتے ہیں، اپنے علاقے کے مسائل، عوامی سرگرمیوں اور اہم واقعات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں تو یہ آپ کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔

مطلوبہ خصوصیات:

- مقامی حالات اور عوامی مسائل سے آگاہی
- خبر نویسی اور رپورٹنگ میں دلچسپی
- سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل ذرائع کے استعمال کی بنیادی مہارت
- ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ رویہ

خواہشمند افراد اپنی مختصر معلومات، تصویر اور رابطہ تفصیلات کے ساتھ درخواست ارسال کریں

روزنامہ وطن وائس

نوٹ: نمائندگی صرف اعزازی بنیاد پر ہوگی

رابطہ نمبر: +92 317 5526830

بابر اعظم کی ون ڈے ٹیم میں جگہ خطرے میں ہے، شعیب اختر

انہیں اپنی کارکردگی سے ثابت کرنا ہوگا کہ وہ ون ڈے کرکٹ کھیلنے مزید کیوں کھلاڑی ہیں



راولپنڈی (پیتنیوز) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے جہاں بابر اعظم کی بیٹنگ پر تنقید کی وہاں ان کی کپتانی پر بھی سوالات اٹھا دیے ہیں اور ٹیم مینجمنٹ سے ہوچھ شعیب اختر نے واضح کیا کہ وہ انہیں فاسٹ بولر کے باہر کرنے پر مجبور کی ناراضی کا اظہار کرچکے ہیں اور ٹیم مینجمنٹ کی تنقید نہیں ہے۔ ایک اننروں میں شعیب اختر نے میڈیا سے سوال کیا کہ کیا وہ ان کے خیال میں بابر اعظم کو کھیلنا چاہیے لیکن (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

سابق فٹبالرروس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک

سابق فٹبالر کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذ جنگ سے اپنا ہونے کے 20 ماہ بعد ہوئی ہے

ماہ بعد ہوئی ہے۔ شمالی شہر رساں ادارے کے مطابق روس میں سینئر میک روس کے خلاف 30 جنوری 2025 کو اپنی ابھیہ کا آخری بارفون کیا تھا۔ یہ ان کی زندگی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کیف (پیتنیوز) یوکرین کی قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کھلاڑی رومن میسنچی میک روس کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے ہلاک ہوگئے۔ ان کی ہلاکت کی تصدیق ان کے محاذ جنگ سے اپنا ہونے کے 20

محمد رضوان کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل گئی

وکٹ کیپر بیٹر ایس این پی ایل کی جانب سے ایکشن میں نظر آئیں گے



لاہور (پیتنیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے کی اجازت مل گئی، وہ اس بدایت کی ایس این پی ایل کے پہلے ایس این پی ایل کی جانب سے ایکشن میں کوچ محمد حفیظ نے سمارٹ کنگلو میں محمد نظر آئیں گے۔ دراصل کے مطابق محمد رضوان کی ٹیم میں شمولیت کی تصدیق رضوان نے پہلی کرکٹ لیگ میں کردی ہے محمد رضوان 19 اکتوبر کو ایس شرکت کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ سے این پی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ٹینتھل جونیئر بیڈ منٹن چیمپئن شپ 2026 کا سکھر میں شاندار افتتاح

ملک بھر سے آئی، واپڈا، ایس این پی ایل اور صوبائی ٹیموں کی شرکت

پشاور (پیتنیوز) ٹینتھل جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ سندھ شریک ہیں۔ چیمپئن شپ کا باقاعدہ افتتاح شپ 2026 کی افتتاحی تقریب سندھ کے شہر سکھر میں شاندار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں پاکستان بھر سے مختلف محکموں اور صوبوں کی ٹیموں نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ میں آئی، واپڈا، ایس این پی ایل، پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کی بیڈمنٹن ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

تھل ڈیزرٹ ریلی میں حادثہ، معروف پائلٹ قاضی ظفر جاں بحق

مائیکرو جیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ لگ گئی اور گر کر تباہ ہوگیا، پائلٹ کو ڈرائیو کے مطابق حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، جائے حادثہ سے پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا، جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو گھومنا پھرنا اور سفر کرنا پسند کرتے تھے



جیٹ طیارے میں فضا میں بلند ہوتے ہی آگ لگ گئی اور گر کر تباہ ہوگیا۔ پائلٹ کی ڈرائیو کے مطابق حادثہ جھنگ میں رحمت آباد کے قریب پیش آیا، جائے حادثہ سے پائلٹ جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوا، جاں بحق پائلٹ قاضی ظفر کا تعلق پشاور سے تھا جو گھومنا پھرنا اور سفر کرنا پسند کرتے تھے

برف باری سے قبل آٹے کے ذخائر، سڑکوں کی بحالی یقینی بنایا جائے، عفت آرا

ڈپٹی کمشنر جہلم و پی ڈی کی زیر صدارت اجلاس، ضلعی محکموں کی کارکردگی پر قبائلی مضبوطی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا



جہلم: ڈپٹی کمشنر عفت الاعظم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جہلم (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر جہلم و پی ڈی عفت الاعظم کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں ضلعی محکموں کی کارکردگی، جاری ترقیاتی و انتظامی امور اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس پی جہلم و ضلع علماء الرحمن سمیت تمام ضلعی محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر عفت الاعظم نے مختلف محکموں کی عمومی کارکردگی، جاری سرگرمیوں اور پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے ضمنی امتحانات 7 نومبر کو ہونگے

جامعہ عثمانیہ غوثیہ رکن الاسلام میرپور میں مختلف درجات کے امیدوار شرکت کرینگے

میرپور (بیورو رپورٹ) تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام ضمنی امتحانات 7 نومبر سے جامعہ عثمانیہ غوثیہ رکن الاسلام میرپور میں منعقد ہونگے۔ سیکرٹری امتحانات مرکزی بورڈ مفتی یاسین ظہیر نے بتایا کہ ضمنی امتحانات میں درجہ حفظ، درجہ اولیٰ، درجہ ثانیہ، درجہ ثالثہ، درجہ رابعہ، درجہ خامسہ، درجہ سادسہ، درجہ سابعہ، درجہ ثامنہ، درجہ تاسعہ، درجہ عاشرہ، درجہ حادیہ عشر، درجہ ثانیہ عشر، درجہ رابعہ عشر، درجہ خامسہ عشر، درجہ سادسہ عشر، درجہ سابعہ عشر، درجہ ثامنہ عشر، درجہ تاسعہ عشر، درجہ عالیہ، درجہ فاضلہ، درجہ ثانیہ فضیلت، درجہ اولیٰ فضیلت، درجہ تخصص فی الفقہ، درجہ تخصص فی الحدیث، درجہ تخصص فی التفسیر، درجہ تخصص فی الادب العربی، درجہ تخصص فی الدعوۃ، درجہ تخصص فی التاریخ، درجہ تخصص فی الصحافۃ، درجہ تخصص فی الاقتصاد، درجہ تخصص فی الاسلامیات، درجہ تخصص فی الاجتماعیات، درجہ تخصص فی العلوم، درجہ تخصص فی الریاضیات، درجہ تخصص فی الکیمیا، درجہ تخصص فی الفزکس، درجہ تخصص فی الحیاتیات، درجہ تخصص فی الجغرافیا، درجہ تخصص فی الفلکیات، درجہ تخصص فی الطبیع